# 66608-رمضان المبارک میں لیڈی ڈاکٹر کے پاس جانے کا حکم

## سوال

رمضان المبارک میں لیڈی ڈاکٹر کے پاس جانے کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

میڈیکل چیک اپ کے لیے لیڈی ڈاکٹر کے پاس جانا ممنوع نہیں، لیکن چیک اپ کے وقت ستر چھپانے کے شرعی قواعد وضوابط پر عمل کرنا ہوگا یہ قواعد وضوابط سوال نمبر (5693) کے جواب میں بیان ہو چکے ہیں.

رہا مسئلہ یہ کہ رحم کے اندرونی حصہ کا ہاتھ یا دوربین کے ساتھ چیک اپ کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، سوال نمبر (38023) کے جواب میں روزہ توڑنے اور جن اشیاء سے روزہ نہیں ٹوٹتا کا بیان ہو چکا ہے، اس میں بیان ہوا ہے کہ :

جن اشیاء سے روزہ نہیں ٹوٹتا :

رحم میں داخل کی جانے والی اشیاء دوربین, جھلی وغیرہ، یا میڈیکل چیک اپ کے لیے کوئی چیز اندر داخل کرنا.

رحم میں دوربین یا باریک نالی داخل کرنا.

مرد یا عورت کے عضو تناسل میں باریک نالی یا دوربین یا شعاعوں کے ذریعہ مادہ داخل کرنا، یا کوئی دوائی یا مثانہ میں محلول وغیرہ داخل کرنا. انتہی.

واللہ اعلم .